| Y–40–X |
|---|

Roll No. ..............................................

Total No. of Questions : **13**]

[Total No. of Printed Pages : **15**

# XIARJKUT23
# 9240–X
# URDU

**Time : 3 Hours]**

**[Maximum Marks : 100**

حصہ ''الف''

۱۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کو غور سے پڑھ کر اس کے آخر پر دیئے گئے سوالات کے جواب لکھئے۔ ۱۰

(الف) ''اگرچہ میں نے پرانی روایتوں، ریتوں اور رسموں کو چھوڑ دیا ہے، میں چاہتا ہوں کہ ہندوستان ان تمام زنجیروں کو توڑ



https://www.jkboseonline.com

دے، جن میں جکڑا ہوا ہے، جو اس کو آگے بڑھنے سے روکتی ہیں اور

دیس میں رہنے والوں میں پھوٹ ڈالتی ہیں جو بہت سے لوگوں کے

لئے بوجھ بنی ہوئی ہیں اور ان کو پھولنے پھلنے میں رکاوٹ ڈالتی ہیں۔

اگرچہ میں یہ سب چاہتا ہوں، پھر بھی میں یہ نہیں چاہتا کہ اپنے کو پرانی

باتوں سے بالکل الگ کرلوں۔ مجھے اپنے اس عظیم ورثے پر فخر ہے جو

ہمارا رہا ہے اور ہمارا ہی ہے۔"

سوالات:

(i) مصنف نے کیا کیا چھوڑ دیا ہے؟

(ii) ہندوستان کو کون سی زنجیریں توڑنی چاہئیں؟

(iii) مصنف کو کس چیز پر فخر ہے؟


https://www.jkboseonline.com

(iv) پرانی روایتیں اور رسمیں کس میں رکاوٹ بن جاتی ہیں ؟

(v) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کا مصنف کون ہے ؟

(ب) ''اس کے پاس ایک خوبصورت سی کتاب تھی ۔ چکنا چکنا موٹا کاغذ، نیلے کپڑے کی سبک سی جلد۔ پشتے پر سنہرے حرفوں میں لکھا ہوا ''حساب امانت'' اس کتاب میں یہ اپنا پیسے پیسے کا حساب لکھا کرتا تھا۔ جس کو کبھی کچھ دیا تھا سب اس میں درج تھا۔ کہیں کہیں کیفیت کے خانے میں بڑی دلچسپ باتیں لکھی تھیں ۔ یہ سب بعد کو لکھی گئی تھیں ۔ کسی یتیم کو پڑھنے کے لئے وظیفہ دیا تھا۔ ۱۵ر سال بعد کی تاریخ دے کر کیفیت کے خانے میں درج ہے۔ اب احمد آباد میں ڈاکٹر ہیں اور وہاں کے یتیم خانے کے ناظم ۔''


https://www.jkboseonline.com

سوالات :

(i) کتاب کی بناوٹ کیسی تھی اور جلد کا رنگ کیسا تھا ؟

(ii) کتاب کا نام کیا تھا اور کن حرفوں میں نام لکھا تھا ؟

(iii) کتاب میں وہ کیا لکھتا تھا ؟

(iv) جس یتیم کو وظیفہ دیا تھا وہ کیا بن گیا تھا ؟

(v) کتاب کے کس خانے میں دلچسپ باتیں لکھی تھیں؟

۲۔ ''حاتم کی سخاوت'' یا ''ایک یادگار وصیت'' کا خلاصہ لکھئے۔ ۶

۳۔ صرف دو سوالات کے جواب لکھئے۔ ۴

(i) نوفل نے حاتم کو پکڑ کر لانے والے کے لئے کتنا انعام رکھا تھا ؟

(ii) ''دوسری بڑھیا'' کو گھر سے کیوں نکال دیا گیا ؟



https://www.jkboseonline.com

(iii) ''سلک روٹ'' سے کیا مراد ہے؟ شاہراۓ ابریشم کی لمبائی کتنی تھی؟

(iv) ''محلے کی ہولی'' میں کس مشہور شاعر کا ذکر کیا گیا ہے؟

۴۔ ''ڈاکٹر ذاکر حسین'' کے حالاتِ زندگی تحریر کیجئے۔ ۵

(یا)

''ڈراما نگاری'' کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

حصہ ''ب''

۵۔ درج ذیل اشعار میں سے صرف دو کی تشریح شاعر کے حوالے سے کیجئے۔ ۶

(i) آرسی دیکھ کر نہ ہو مغرور

خودنمائی نہ کر خدا سوں ڈر



https://www.jkboseonline.com

(ii) شمع کی مانند ہم اس بزم میں

چشم تر آئے تھے دامن تر چلے

(iii) خوشبو ہے اگر خوشبو، تو آوارۂ صحرا

نغمہ ہے اگر نغمہ، تو پابند صدا ہے

(iv) جز ترے کچھ نظر نہیں آتا

آرزو بن گئی مجسم کیا

(یا)

کسی ایک شعری جز کا مفہوم شاعر اور صنف شعر کے عنوان کے ساتھ لکھئے۔

(i) مرے نوجواں میں کہاں جاؤں پیر

نظر تو نے مجھ پر نہ کی بے نظیر



https://www.jkboseonline.com

عجب بحرِ غم میں ڈبویا مجھے

غرض جان سے تو نے کھویا مجھے

عجب طرح کی شب تھی ہیہات وہ

قیامت کا دن تھا نہ تھی رات وہ

(ii) کہتا ہے ایک کیسی حماقت ہوئی ہے آج

کمبل تھا ایک گھر میں سو سائل کو دے دیا

کہتا ہے دوسرا کہ گیا ہو کے منفعل

سائل کی ڈب میں میں نے دیا مال جب دکھا

پردے میں زیرکی کے چھپاتا ہے بُخل یہ

اور بن کے بے وقوف جتاتا ہے وہ سخا

۶۔ جگر مراد آبادی کی غزل گوئی کی خوبیاں بیان کیجئے۔ ۵

۷۔ نظم ''خودستائی'' کے مرکزی خیال کی وضاحت کیجئے۔ ۴

۸۔ ''غزل'' یا ''نظم نگاری'' پر نوٹ لکھیے۔ ۴

۹۔ درج ذیل اصطلاحات میں سے صرف دو کی تعریف مثالوں کے ساتھ کیجئے۔ ۶

(i) مطلع۔

(ii) مقطع۔

(iii) تضاد۔

(iv) استعارہ۔

(v) تشبیہ۔



https://www.jkboseonline.com

## حصہ ''ج''

۱۰۔ دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر دوسو (۲۰۰) الفاظ پر مشتمل مضمون لکھئے۔ ۱۵

(i) جنگ اور امن۔

(ii) ماحولیاتی تبدیلی کے اثرات۔

(iii) کشمیر کا جاڑا۔

۱۱۔ اپنے کسی دوست کو امتحان میں شاندار کامیابی حاصل کرنے پر مبارکبادی کا ایک خط لکھئے۔ ۱۰

(یا)

اپنے کسی دوست کے والد کی دوکان پر نایاب کپڑوں کی سیل پر ایک اشتہار تحریر کیجئے۔



https://www.jkboseonline.com

(یا)

آپ کے اسکول میں منائے گئے ''یومِ والدین'' کی تقریب کی اخباری رپورٹ تحریر کیجیے۔

## حصہ ''د''

۱۲۔ صرف دو سوالات کے جواب لکھیے۔ ۱۵

(i) فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات تحریر کیجیے۔

(ii) اردو زبان کے آغاز وارتقاء پر نوٹ لکھیے۔

(iii) اردو میں جدید نظم نگاری کا آغاز ''انجمن پنجاب اردو'' کے ذریعے ہوا۔ اس قول سے متعلق اپنی رائے ظاہر کیجیے۔

(iv) صفت، صفتِ ذاتی اور صفت نسبتی کی تعریفیں کیجیے اور مثالیں بھی دیجیے۔



https://www.jkboseonline.com

۱۴۔ معروضی سوالات کے جوابات میں سے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

(i) میرامن کا پورا نام کیا تھا؟ 1

(a) میر محمد امین۔

(b) میر امین اللہ۔

(c) میر امان اللہ۔

(d) میر امانت اللہ۔

(ii) ''پہلی بڑھیا'' کو کتنے ہزار کی اشرفی کی تھیلیاں حاصل ہوئیں؟ 1

(a) دو ہزار۔

(b) تین ہزار۔

(c) چار ہزار۔

(d) پانچ ہزار۔



https://www.jkboseonline.com

(iii) پنڈت نہرو نومبر کی کس تاریخ کو پیدا ہوئے تھے؟ 1

(a) ۱۱ر نومبر۔

(b) ۱۲ر نومبر۔۔

(c) ۱۳ر نومبر۔

(d) ۱۴ر نومبر۔

(iv) ''محلے کی ہولی'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟ 1

(a) میر امن۔

(b) اطہر پرویز۔

(c) پرویز رسول۔

(d) ڈاکٹر ذاکر حسین۔

(v) غزل کے بہترین شعر کو کیا کہتے ہیں؟ 1

(a) مطلع۔

(b) مقطع۔

(c) شاہ بیت۔

(d) حسن مطلع۔

(vi) علامہ اقبال کا انتقال کس سن میں ہوا؟ 1

(a) ۱۹۳۶ء۔

(b) ۱۹۳۷ء۔

(c) ۱۹۳۸ء۔

(d) ۱۹۳۹ء۔



https://www.jkboseonline.com

(vii) جگرؔ مراد آبادی کا اصلی نام کیا تھا؟ 1

(a) علی سکندر۔

(b) سکندر اعظم۔

(c) سکندر بخت۔

(d) محمد سکندر۔

(viii) "حمید کا گھوڑا کالے رنگ کا ہے" اس جملے میں "کا" کس قسم کا حرف ہے؟ 1

(a) حرف ندا۔

(b) حرف عطف۔

(c) حرف اضافی۔

(d) حرف جار۔



https://www.jkboseonline.com

(ix) ''اچھی کتاب پڑھو'' اس جملے میں کون سا فعل استعمال ہوا ہے؟ 1

(a) فعلِ نہی۔

(b) فعلِ امر۔

(c) فعلِ حال۔

(d) فعلِ مستقبل۔

(x) لفظ ''کنجوس'' کا متضاد لفظ کون سا ہے؟ 1

(a) مکھی چوس۔

(b) سخی۔

(c) اوباش۔

(d) رنگیلا۔


https://www.jkboseonline.com